10 اپریل 2014ء

پاکستانی ورکرز کی ترسیلات زر میں 11.9 فیصد اضافہ،
مالی سال 14ء کے پہلے نو مہینوں میں 11.58 ارب ڈالر بھیجے گئے

بیرون ملک مقیم پاکستانی ورکرز کی جانب سے رواں مالی سال 14-2013ء (م س 14ء) کے پہلے نو مہینوں (جولائی تا مارچ) میں 11,582.78 ملین ڈالر کی ترسیلات زروطن بھیجی گئیں جو 11.87 فیصد کی نمو کو ظاہر کرتا ہے جبکہ گذشتہ مالی سال کے اسی عرصے (جولائی تا مارچ م س 13ء) میں 10,353.82 ملین ڈالر بھیجے گئے تھے۔

جولائی تا مارچ مالی سال 14ء کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، جی سی سی مما لک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان) اور یورپی یونین کے مما لک سے بالترتیب 3,391.27 ملین ڈالر، 2,288.92 ملین ڈالر، 1,820.91 ملین ڈالر، 1,632.21 ملین ڈالر، 1,357.73 ملین ڈالر اور 318.94 ملین ڈالر کی ترسیلات زروطن آئیں جبکہ جولائی تا مارچ مالی سال 13ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 2,979.31 ملین ڈالر، 2,085.94 ملین ڈالر، 1,636.66 ملین ڈالر، 1,434.97 ملین ڈالر، 1,195.86 ملین ڈالر اور 269.04 ملین ڈالر کی ترسیلات زرموصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کے پہلے نو مہینوں (جولائی تا مارچ م س 14ء) کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر مما لک سے 772.8 ملین ڈالر کی ترسیلات زرموصول ہوئیں جبکہ پچھلے مالی سال کے پہلے نو مہینوں (جولائی تا مارچ م س 13ء) کے دوران ان مما لک سے 752.04 ملین ڈالر کی ترسیلات زرموصول ہوئی تھیں۔

مارچ 2014ء میں سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، جی سی سی مما لک (بشمول بحرین، کویت، قطر اور سلطنت عمان)، اور یورپی یونین کے مما لک سے بالترتیب 425.53 ملین ڈالر، 262.00 ملین ڈالر، 194.82 ملین ڈالر، 166.46 ملین ڈالر، 164.03 ملین ڈالر اور 34.93 ملین ڈالر کی ترسیلات زروطن آئیں جبکہ مارچ 2013ء کے دوران ان ملکوں سے بالترتیب 351.53 ملین ڈالر، 220.22 ملین ڈالر، 175.53 ملین ڈالر، 150.22 ملین ڈالر، 128.36 ملین ڈالر اور 26.43 ملین ڈالر کی ترسیلات زرموصول ہوئی تھیں۔ رواں مالی سال کے نویں مہینے مارچ م س 14ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر مما لک سے 89.48 ملین ڈالر کی ترسیلات زرموصول ہوئیں۔

☆☆☆